NATIONAL TEXTILE UNIVERSITY
LIBRARY

Sheikhupura Road,
Faisalabad 37610
Ph # 041-9230081-
Ext. 148/150

NEWS CLIPPING OF THE DAY

ٹائٹل: معیشت کو ہائی ٹیک ٹیکسٹائل کی طرف لیکر جانا ہو گا: کورین سفیر

این ٹی یو میں پاک کوریا ٹیکنیکل ٹیکسٹائل سنٹر کا افتتاح، ریکٹر ڈاکٹر تنویر کا بھی خطاب

ذریعہ: روزنامہ ایکسپریس، صفحہ۔9

تاریخ: 9جون، 2017

معیشت کو ہائی ٹیک ٹیکسٹائل کی طرف لیکر جانا ہوگا: کورین سفیر

سپورٹس، طب، کنسٹرکشن اور آٹوموبائل کے شعبے میں ویلیوایڈیشن ہوگی: مسٹر جن ووک

این ٹی یو میں پاک کوریا ٹیکنیکل ٹیکسٹائل سنٹر کا افتتاح، ریکٹر ڈاکٹر تنویر کا بھی خطاب

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کورین سفیر مسٹر جن ووک کم نے کہا ہے کہ پاکستان کی ٹیکسٹائل انڈسٹری کو مزید ترقی کی جانب گامزن کرنے کیلئے اکانومی کو ہائی ٹیک ٹیکسٹائل انڈسٹری کی طرف لیکر جانا ہوگا جس سے سپورٹس، طب، کنسٹرکشن اور آٹوموبائل کے شعبے میں ویلیوایڈیشن ہوگی وہ گزشتہ روز نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی میں پاک کوریا ٹیکنیکل ٹیکسٹائل سنٹر کی تقریب سے خطاب کررہے تھے انہوں نے کہا کہ اس پراجیکٹ کے تحت کوریا نے تین ملین ڈالر مشینری کی مد میں دیئے جبکہ اسکے ساتھ ساتھ یونیورسٹی آفیشلز کو کوریا میں دو ماہ کی ٹریننگ بھی دی گئی ہے اور یہ سنٹر پاکستان ٹیکسٹائل انڈسٹری کی ترقی میں نمایاں (باقی صفحہ 11 نمبر 11)

نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی میں کوریا کے سفیر جن ووک کم پاک کوریا ٹیکنیکل ٹیکسٹائل سنٹر کا افتتاح کررہے ہیں، ڈاکٹر تنویر بھی موجود ہیں

11

کورین سفیر

کردار ادا کرے گا کورین سفیر نے بتایا کہ یہ سنٹر ٹیکنیکل مصنوعات کی ٹیسٹنگ کی سہولیات اور ٹیکنیکل ٹیکسٹائل کے شعبے میں نئے کاروبار کے آغاز میں بھی مدد اور رہنمائی فراہم کرے گا جس سے پاکستان کی لوکل ٹیکسٹائل انڈسٹری اور ایکسپورٹ مارکیٹ میں بہتری آئے گی ریکٹر نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر تنویر حسین نے خطاب کرتے کہا کہ پاک کوریا ٹیکنیکل ٹیکسٹائل ریسرچ سنٹر تحقیقی، پیداواری اور ٹیسٹنگ کی ضروریات کو پورا کرنے میں اپنا کردار ادا کرے گا جس سے نہ صرف پاکستان کی برآمدات میں اضافہ ہوگا بلکہ ہماری معیشت بھی بہتر ہوگی اس موقع پر رجسٹرار ڈاکٹر ظفر جاوید، کنٹرولر ذبیح اللہ خان سمیت دیگر فیکلٹی ممبران بھی موجود تھے۔

Please, get connected to **NTU Library** for **CURRENT AWARENESS SERVICES.**